الأربعین:

اَلدُّرَّۃُ الْبَیْضَاء

فی مناقب

فَاطِمَۃَ الزَّھْرَاء سلام اللہ علیہا

(سیدۂ کائنات سلام اللہ علیہا)

شیخ الاسلام ڈاکٹر مُحمّد طاہر القادری

منہاج القرآن پبلیکیشنز

الأربعین :

اَلدُّرَّۃُ البَیضَآء

فی مناقبِ

فَاطِمَۃَ الزَّھرآء سلام اللہ علیہا

(سیدۂ کائنات سلام اللہ علیہا)

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

منہاجُ القرآن پبلیکیشنز

365-ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 5168514، 3-5169111

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 7237695

www.Minhaj.org - www.Minhaj.biz

نام کتاب	:	الدُّرَّةُ الْبَيْضَآءُ فِي مَنَاقِبِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ
مؤلف	:	شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری
ترجمہ	:	مفتی عبدالقیوم خان ہزاروی (شیخ التفسیر والفقہ، دی منہاج یونیورسٹی)
تحقیق و تخریج	:	محمد تاج الدین کالامی، محمد فاروق رانا (منہاجینز)
زیرِ اہتمام	:	فریدِ ملّت ریسرچ انسٹیٹیوٹ Research.com.pk
مطبع	:	منہاج القرآن پرنٹرز، لاہور
اشاعتِ اوّل	:	مارچ 2003ء (2,200)
اشاعتِ دوم	:	اپریل 2003ء (1,100)
اشاعتِ سوم	:	جنوری 2004ء (1,100)
اشاعتِ چہارم	:	اکتوبر 2004ء (1,100)
اشاعتِ پنجم	:	جنوری 2006ء (1,100)
اشاعتِ ششم	:	مارچ 2007ء
تعداد	:	1,100
قیمت VRG پیپر	:	-/130 روپے

ISBN 969-32-0364-X

نوٹ: ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور خطبات و لیکچرز کے آڈیو/ ویڈیو کیسٹس اور CDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لئے تحریکِ منہاج القرآن کے لئے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاج القرآن پبلیکیشنز)

fmri@research.com.pk

مَوْلَایَ صَلِّ وَ سَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

وَ الْآلِ وَ الصَّحْبِ ثُمَّ التَّابِعِیْنَ لَهُمْ

أَهْلِ التُّقٰی وَ النُّقٰی وَ الْحِلْمِ وَ الْکَرَمِ

﴿صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَ عَلٰی آلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ﴾

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (پی۔۱) ۴-۱-۴/ ۸۰ پی آئی وی، مؤرخہ ۳۱ جولائی ۱۹۸۴ء؛ حکومتِ بلوچستان کی چٹھی نمبر ۸۷-۴-۲۰ جنرل و ایم ۴/ ۹۷۰-۳-۷، مؤرخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۷ء؛ حکومتِ شمال مغربی سرحدی صوبہ کی چٹھی نمبر ۴۴۳۱-۶۷ این۔۱/ اے ڈی (لائبریری)، مؤرخہ ۲۰ اگست ۱۹۸۶ء؛ اور حکومتِ آزاد ریاست جموں و کشمیر کی چٹھی نمبر س ت/ انتظامیہ ۶۳-۸۰۶۱/ ۹۲، مؤرخہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کے تحت ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تصنیف کردہ کتب تمام سکولز اور کالجز کی لائبریریوں کے لئے منظور شدہ ہیں۔

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مُقدّمہ

سیدۂ کائنات سلام اللہ علیہا کی بارگاہ میں علامہ اِقبالؒ کا

منظوم نذرانۂ عقیدت

مریمؑ از یک نسبتِ عیسیٰؑ عزیز   از سہ نسبت حضرتِ زہراؑ عزیز

نورِ چشمِ رحمۃ للعالمیں   آں امامِ اولین و آخریں

آں کہ جاں در پیکرِ گیتی دمید   روزگارِ تازہ آئیں آفرید

بانوئے آں تاجدارِ ھَلْ اَتٰی   مرتضیٰ مشکل کشا شیرِ خدا

پادشاہ و کلبۂ ایوانِ او   یک حسام و یک زرہ سامانِ او

مادرِ آں مرکزِ پرکارِ عشق   مادرِ آں کارواں سالارِ عشق

آں یکے شمعِ شبستانِ حرم   حافظِ جمعیتِ خیرالامم

تانشیند آتشِ پیکار و کیں   پشتِ پازد بر سرِ تاج و نگیں

واں دگر مولائے ابرارِ جہاں   قوتِ بازوئے احرارِ جہاں

در نوائے زندگی سوز از حسینؑ   اہلِ حق حریت آموز از حسینؑ

سیرتِ فرزند ہا از امہات	جوہر صدق و صفا از امہات
مزرعِ تسلیم را حاصل بتول	مادراں را اسوۂ کامل بتول
بہر محتاجے دلش آں گونہ سوخت	با یہودے چادر خود را فروخت
نوری و ہم آتشی فرمانبرش	گم رضایش در رضائے شوہرش
آں ادب پروردۂ صبر و رضا	آسیا گردان و لب قرآں سرا
گریہ ہائے او ز بالیں بے نیاز	گوہر افشاندے بدامانِ نماز
اشکِ او بر چید جبریل از زمیں	ہمچو شبنم ریخت بر عرشِ بریں
رشتۂ آئینِ حق زنجیرِ پاست	پاسِ فرمانِ جنابِ مصطفیٰ است
ورنہ گردِ تربتش گردیدے	سجدہ ہا برخاکِ او پاشیدے (۱)

(۱) کلیاتِ اقبال (فارسی)، رموزِ بے خودی

بے شک! فاطمہ میری جان کا حصہ ہے

فصل : ۱

آل فاطمة سلام الله عليها أهل البيت

﴿سیدهٔ کائنات سلام اللہ علیہا کا گھرانہ اہلِ بیت ہے﴾

۱۔ عن أنس بن مالک ﷺ: أن رسول الله ﷺ کان يَمُرُّ بباب فاطمةَ ستةَ أشهر إذا خرج إلی صلاة الفجر، يقول: الصلاةَ! يا أهلَ البيت: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَکُمْ تَطْهِيْرًا﴾۔(۱)

’’حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ چھ (۶) ماہ تک حضور نبی

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۳۵۲، رقم: ۳۲۰۶
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۲۵۹، ۲۸۵
۳۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۱، رقم: ۱۳۴۰، ۱۳۴۱
۴۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۳۸۸، رقم: ۳۲۲۷۲
۵۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۵: ۳۶۰، رقم: ۲۹۵۳
۶۔ عبد بن حمید، المسند: ۳۶۷، رقم: ۱۲۲۳
۷۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۷۲، رقم: ۴۷۴۸
۸۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۳: ۵۶، رقم: ۲۶۷۱
۹۔ بخاری نے ’الکنیٰ (ص: ۲۵، رقم: ۲۰۵)‘ میں ابو الحمراء سے حدیث روایت کی ہے، جس میں آپ ﷺ کے اس عمل کی مدت نو (۹) ماہ بیان کی گئی ہے۔
۱۰۔ عبد بن حمید نے ’المسند (ص: ۱۷۳، رقم: ۴۷۵)‘ میں امام بخاری کی بیان کردہ روایت نقل کی ہے۔
۱۱۔ ابن حیان نے ’طبقات المحدثین باصبہان (۴: ۱۴۸)‘ میں حضرت ابو سعید خدری ﷺ سے مروی اس روایت میں آٹھ ماہ کا ذکر کیا ہے۔

←

اکرم ﷺ کا یہ معمول رہا کہ جب نمازِ فجر کے لئے نکلتے اور حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کے دروازہ کے پاس سے گزرتے تو فرماتے: اے اہلِ بیت! نماز قائم کرو۔ (اور پھر یہ آیتِ مبارکہ پڑھتے:)...... اے اہلِ بیت! اللہ چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) آلودگی دُور کر دے اور تم کو خوب پاک و صاف کر دے۔‘‘

۲۔ عن أبي سعيد الخدري ﷺ في قوله: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ﴾ قال: نُزِلَتْ في خمسةٍ: في رسولِ اللهِ ﷺ، و عليّ، و فاطمة، و الحسن، و الحسين ﷺ۔ (۲)

’’حضرت ابو سعید خدری ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ مبارکہ...... اے اہلِ بیت! اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) آلودگی دُور کر دے...... کے

......۱۲۔ ابن اثیر، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ۷: ۲۱۸

۱۳۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۳۴

۱۴۔ مزی، تہذیب الکمال، ۳۵: ۲۵۰، ۲۵۱

۱۵۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۸۳

۱۶۔ سیوطی نے ’الدر المنثور فی التفسیر بالمأثور (۵: ۶۱۳)‘ میں حضرت ابو سعید خدری ﷺ سے روایت کی ہے۔

۱۷۔ سیوطی نے ’الدر المنثور فی التفسیر بالمأثور (۶: ۶۰۶)‘ میں حضرت ابو الحمراء سے روایت کی ہے۔

۱۸۔ شوکانی، فتح القدیر، ۴: ۲۸۰

(۲) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۳: ۳۸۰، رقم: ۳۴۵۶

۲۔ طبرانی، المعجم الصغیر، ۱: ۲۳۱، رقم: ۳۷۵

۳۔ ابن حیان، طبقات المحدثین باصبہان، ۳: ۳۸۴

۴۔ خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ۱۰: [illegible]

۵۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۲۲: ۶

بارے میں کہا ہے کہ یہ آیت مبارکہ پانچ ہستیوں ...... حضور نبی اکرم ﷺ، حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم ...... کے بارے میں نازل ہوئی۔"

فصل : ۲

آل فاطمة سلام اللہ علیہا أهل كِساءٍ

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا کا گھرانہ ہی اہلِ کساء ہے﴾

۳۔ عن صفية بنت شيبة، قالت: قالت عائشة رضی اللہ عنہا: خرج النبی ﷺ غداةً و عليه مِرط مُرَحَّلٌ من شعر أسودَ۔ فجاءَ الحسنُ بن عليٍّ رضی اللہ عنہما فأدخله، ثم جاء الحسين ؓ فدخل معه، ثم جاءت فاطمة رضی اللہ عنہا فأدخلها، ثم جاءَ عليٌّ ؓ فأدخله، ثم قال: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾۔ (۳)

''صفیہ بنت شیبہ روایت کرتی ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ صبح کے وقت باہر تشریف لائے درآں حالیکہ آپ ﷺ نے ایک چادر اوڑھی ہوئی تھی جس پر سیاہ اُون سے کجاووں کے نقش بنے ہوئے تھے۔

---

(۳) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۸۸۳، رقم: ۲۴۲۴

۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۳۷۰، رقم: ۳۶۱۰۲

۳۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۶۷۲، رقم: ۱۱۴۹

۴۔ ابن راہویہ، المسند، ۳: ۶۷۸، رقم: ۱۲۷۱

۵۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۵۹، رقم: ۴۷۰۵

۶۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۲: ۱۴۹

۷۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۲۲: ۶، ۷

۸۔ بغوی، معالم التنزیل، ۳: ۵۲۹

۹۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۸۵

۱۰۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۶: ۶۰۵

پس حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں اُس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت حسین ؓ آئے تو آپ ﷺ کے ہمراہ چادر میں داخل ہو گئے، پھر سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں اور آپ ﷺ نے اُنہیں اس چادر میں داخل کر لیا، پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ آئے تو آپ ﷺ نے اُنہیں بھی چادر میں لے لیا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت مبارکہ پڑھی: ''اے اہلِ بیت! اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) آلودگی دُور کر دے اور تم کو خوب پاک و صاف کر دے۔''

۴۔ عن عمر بن ابی سلمة ربیبِ النبی ﷺ، قال: لما نزلت هذه الآیةُ علی النبی ﷺ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ فی بیت أم سلمة، فدعا فاطمة و حسنا و حسینا ؓ فجَلَّلَهم بِكساء، و علیّ ؓ خلف ظهره فجلله بكساءٍ، ثُم قال: اللهم! هٰؤلاءِ أهلُ بیتی، فأذهِب عنهم الرجس و طَهِّرْهُم تطهیرا۔ (۴)

''پرورَدۂ نبی حضرت عمر بن ابی سلمہ ؓ سے روایت ہے کہ جب حضور نبی

---

(۴) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۳۵۱، ۶۶۳، رقم: ۳۲۰۵، ۳۷۸۷

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۶: ۲۹۲

۳۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۵۸۷، رقم: ۹۹۴

۴۔ بیہقی نے 'السنن الکبری (۲: ۱۵۰)' میں یہ حدیث ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔

۵۔ حاکم، المستدرک، ۲: ۴۵۱، رقم: ۳۵۵۸

۶۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۵۸، رقم: ۴۷۰۵

۷۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۳: ۵۴، رقم: ۲۶۶۲

←

اکرم ﷺ پر حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں یہ آیت مبارکہ ...... اے اہلِ بیت! اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) آلودگی دُور کر دے اور تم کو خوب پاک و صاف کر دے ...... نازل ہوئی؛ تو آپ ﷺ نے حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین علیہم السلام کو بلایا اور ایک کملی میں ڈھانپ لیا۔ حضرت علی علیہ السلام حضور ﷺ کے پیچھے تھے، آپ ﷺ نے انہیں بھی کملی میں ڈھانپ لیا، پھر فرمایا: الٰہی! یہ میرے اہلِ بیت ہیں، اِن سے نجاست دور کر اور اِن کو خوب پاک و صاف کر دے۔''

.... ۸۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۹: ۲۵، رقم: ۸۲۹۵

۹۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۴: ۱۳۴، رقم: ۳۷۹۹

۱۰۔ بیہقی، الاعتقاد: ۳۲۷

۱۱۔ خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ۹: ۱۲۶

۱۲۔ خطیب بغدادی، موضح أوہام الجمع والتفریق، ۲: ۲۸۱

۱۳۔ دولابی، الذریۃ الطاہرۃ: ۱۰۷، ۱۰۸، رقم: ۲۰۱

۱۴۔ ابن اثیر نے 'اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ (۷: ۲۱۸)' میں یہ حدیث حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے۔

۱۵۔ عسقلانی، فتح الباری، ۷: ۱۳۸

۱۶۔ عسقلانی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ۴: ۴۰۵

۱۷۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۲۲: ۷

۱۸۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۶: ۶۰۴

۱۹۔ شوکانی، فتح القدیر، ۴: ۲۷۹

فصل : ۳

فاطمة سلام اللہ علیہا سيدة نساء العالمين

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا سب جہانوں کی سردار ہیں﴾

۵۔ عن عائشة رضی اللہ عنہا، أن النبي ﷺ قال و هو في مرضه الذي توفي فيه: يا فاطمة! ألا ترضين أن تكوني سيدة نساء العالمين و سيدة نساء هذه الأمة و سيدة نساء المؤمنين![(۵)]

''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! کیا تو نہیں چاہتی کہ تو تمام جہانوں کی عورتوں، میری اِس اُمت کی تمام عورتوں اور مؤمنین کی تمام عورتوں کی سردار ہو!''

۶۔ عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت: أقبلتْ فاطمة تمشي كأن مِشْيَتها مَشْيُ النبي ﷺ، فقال النبي ﷺ: مرحبا بابنتي۔ ثم أجلسها عن يمينه أو عن شماله، ثم أسر إليها حديثا فبكتْ، فقلتُ لها: لم تبكين؟ ثم أسر إليها حديثا فضحكت، فقلتُ: ما رأيتُ كاليوم فرحا أقرب من

(۵) ۱۔ حاکم نے 'المستدرک (۳: ۱۷۰، رقم: ۴۷۴۰)' میں اسے صحیح قرار دیا ہے جبکہ ذہبی نے اس کی تائید کی ہے۔
۲۔ نسائی، السنن الکبری، ۴: ۲۵۱، رقم: ۷۰۷۸
۳۔ نسائی، السنن الکبری، ۵: ۱۴۶، رقم: ۸۵۱۷
۴۔ ابن سعد، الطبقات الکبری، ۲: ۲۴۷، ۲۴۸
۵۔ ابن سعد، الطبقات الکبری، ۸: ۲۶، ۲۷
۶۔ ابن اثیر، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ۷: ۲۱۸

حزن، فسألتها عما قال، فقالت: ما كنتُ لأُفشِيَ سِرَّ رسول الله ﷺ، حتى قُبِضَ النبي ﷺ فسألتُها، فقالتْ: أسَرَّ إليَّ: إن جبريل كان يُعارضني القرآن كلَّ سنةٍ مرة، و إنه عارضني العام مرتين، و لا أُراهُ إلا حضر أجلي، و إنكِ أول أهل بيتي لحاقا بي۔ فبكيتُ، فقال: أما ترضين، أن تكوني سيدة نساء أهل الجنة، أو نساء المؤمنين! فضحكتُ لذلك۔[۶]

’’حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا آئیں اور اُن کا چلنا ہو بہو حضور نبی اکرم ﷺ کے چلنے جیسا تھا۔ پس آپ ﷺ نے اپنی لختِ جگر کو خوش آمدید کہا اور اپنے دائیں یا بائیں جانب بٹھا لیا، پھر چپکے چپکے ان سے کوئی بات کہی تو وہ رونے لگیں، پس میں نے اُن سے پوچھا کہ کیوں رو رہی ہیں؟ پھر آپ ﷺ نے اُن سے کوئی بات چپکے چپکے کہی تو وہ ہنس پڑیں۔ پس میں نے کہا کہ آج کی طرح میں نے خوشی کو غم کے اتنے نزدیک کبھی نہیں دیکھا۔ میں نے (حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے) پوچھا: آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟ اُنہوں نے جواب دیا: میں رسول اللہ ﷺ کے راز کو فاش نہیں کر سکتی۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ کا وصال ہو گیا تو میں نے اُن سے (اُس بارے میں) پھر پوچھا تو اُنہوں نے جواب دیا: آپ ﷺ نے مجھ سے سرگوشی کی کہ جبرائیل ہر سال میرے ساتھ قرآن کریم کا ایک بار دور کیا کرتے تھے لیکن اس سال دو مرتبہ کیا ہے، مجھے یقین ہے کہ میرا آخری وقت آ پہنچا ہے اور بے شک میرے گھر

---

(۶) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۳۲۶، ۱۳۲۷، رقم: ۳۴۲۶، ۳۴۲۷

۲۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۴، رقم: ۲۴۵۰

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۶: ۲۸۲

والوں میں سے تم ہو جو سب سے پہلے مجھ سے آ ملو گی۔ اس بات نے مجھے رلایا، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تم تمام جنتی عورتوں کی سردار ہو یا تمام مسلمان عورتوں کی سردار ہو! پس اس بات پر میں ہنس پڑی۔‘‘

۷۔ عن مسروق: حدثتني عائشة أم المؤمنين رضي الله عنها، قالت: قال رسول الله ﷺ: يا فاطمة! ألا ترضينَ أن تكوني سيدة نساءِ المؤمنين، أو سيدة نساء هذه الأمة![۷]

’’حضرت مسروق روایت کرتے ہیں کہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اے فاطمہ! کیا تو اس بات پر راضی نہیں ہے کہ مسلمان عورتوں کی سردار ہو یا میری اِس اُمت کی سب عورتوں کی سردار ہو!‘‘

۸۔ عن أبي هريرة ﷺ، أن رسول الله ﷺ قال: إن ملكا من السماء لم يكن زارني، فاستأذن الله في زيارتي، فبشرني أو أخبرني:

---

(۷) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۳۱۷، رقم: ۵۹۲۸
۲۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۵، رقم: ۲۴۵۰
۳۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ۷۷، رقم: ۲۶۳
۴۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۲، رقم: ۱۳۴۲
۵۔ طیالسی، المسند: ۱۹۶، رقم: ۱۳۷۳
۶۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۲: ۲۴۷
۷۔ دولابی، الذریۃ الطاہرۃ: ۱۰۱، ۱۰۲، رقم: ۱۸۸
۸۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۲: ۳۹، ۴۰
۹۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۳۰

أن فاطمة سيدة نساء أمتي۔ (۸)

”حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آسمان کے ایک فرشتے نے میری زیارت نہیں کی تھی، پس اُس نے اللہ تعالیٰ سے میری زیارت کی اجازت لی اور اُس نے مجھے خوشخبری سنائی (یا) مجھے خبر دی کہ فاطمہ میری اُمت کی سب عورتوں کی سردار ہیں۔“

---

(۸) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۳، رقم: ۱۰۰۶

۲۔ بخاری، التاریخ الکبیر، ۱: ۲۳۲، رقم: ۷۲۸

۳۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹: ۲۰۱)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح ہیں، سوائے محمد بن مروان ذہلی کے، اُسے ابن حبان نے ثقہ قرار دیا ہے۔

۴۔ ذہبی، سیر اعلام النبلاء، ۲: ۱۲۷

۵۔ مزی، تہذیب الکمال، ۲۶: ۳۹۱

فصل : ۴

فاطمة سلام الله عليها سيدة نساء أهل الجنة و ابناها سيدا شباب أهل الجنة

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا جنتی عورتوں کی اور آپ کے شہزادے جنتی جوانوں کے سردار ہیں﴾

۹۔ عن حُذيفةَ رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: إنّ هذا مَلَكٌ لم ينزلِ الأرضَ قَطُّ قبلَ هذه الليلةِ استأذَنَ ربّه أن يُسَلِّمَ عليّ و يُبَشِّرني بأنّ فاطمة سيدة نساءِ أهل الجنة، و أنّ الحسن و الحسين سيدا شبابِ أهلِ الجنة۔ (۹)

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

(۹) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۶۶۰، رقم: ۳۷۸۱
۲۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۸۰، ۹۵، رقم: ۸۲۹۸، ۸۳۶۵
۳۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ۵۸، ۷۲، رقم: ۱۹۳، ۲۶۰
۴۔ احمد بن حنبل، المسند، ۵: ۳۹۱
۵۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۸۸، رقم: ۱۴۰۶
۶۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۳۸۸، رقم: ۳۲۲۷۱
۷۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۶۴، رقم: ۴۷۲۱، ۴۷۲۲
۸۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۳، رقم: ۱۰۰۵
۹۔ بیہقی، الاعتقاد: ۳۲۸
۱۰۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۴: ۱۹۰
۱۱۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۲۲۴

←

ایک فرشتہ جو اِس رات سے پہلے کبھی زمین پر نہ اُترا تھا، اُس نے اپنے پروردگار سے اِجازت مانگی کہ مجھے سلام کرنے حاضر ہو اور مجھے یہ خوشخبری دے: فاطمہ اہلِ جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہے اور حسن و حسین جنت کے تمام جوانوں کے سردار ہیں۔‘‘

۱۰۔ عن عليّ بن أبي طالب أن النبيّ ﷺ قال لفاطمة رضی اللہ عنہا: ألا ترضين أن تكوني سيدة نساء أهل الجنة، و ابناك سيدا شباب أهل الجنة۔ (۱۰)

’’حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: کیا تمہیں اِس بات پر خوشی نہیں کہ اہلِ جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہو اور تیرے دونوں بیٹے جنت کے تمام جوانوں کے۔‘‘

۱۳۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۳: ۱۲۳، ۲۵۲

۱۴۔ عسقلانی، فتح الباری، ۶: ۴۷۱

۱۵۔ سیوطی، تدریب الراوی، ۲: ۲۲۵

۱۶۔ سیوطی، الخصائص الکبریٰ، ۲: ۱۵۶، ۲۶۴

۱۷۔ امام بخاری نے ’الصحیح (۳: ۱۳۶۰، کتاب المناقب) میں قرابتِ رسول ﷺ کے مناقب کا باب باندھتے ہوئے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حوالہ سے کہا: و قال النبی ﷺ: فاطمة سيدة نساء أهل الجنة (حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: فاطمہ اہلِ جنت کی عورتوں کی سردار ہیں)۔

۱۸۔ امام بخاری نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مناقب کے حوالے سے یہی عنوان ’الصحیح (۳: ۱۳۷۴)‘ میں دوبارہ باندھا ہے۔

(۱۰) ۱۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۹: ۲۰۱

۲۔ بزار، المسند، ۳: ۱۰۲، رقم: ۸۸۵

۱۱۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ، قال: خط رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی الأرض أربعة خطوط۔ قال: تدرون ما هذا؟ فقالوا: الله و رسوله أعلم۔ فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أفضل نساء أهل الجنة: خديجة بنت خويلد، و فاطمة بنت محمد، و آسية بنت مزاحم امرأة فرعون، و مريم ابنة عمران رضی اللہ عنهن اجمعين۔ (۱۱)

’’حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

(۱۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۱: ۲۹۳، ۳۱۶

۲۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۹۳، ۹۴، رقم: ۸۳۵۵، ۸۳۶۴

۳۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ۷۴، ۷۶، رقم: ۲۵۰، ۲۵۹

۴۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۵: ۴۷۰، رقم: ۷۰۱۰

۵۔ حاکم، المستدرک، ۲: ۵۳۹، رقم: ۳۸۳۶

۶۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۷۴، ۲۰۵، رقم: ۴۷۵۴، ۴۸۵۲

۷۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۰، ۷۶۱، رقم: ۱۳۳۹

۸۔ ابو یعلیٰ، المسند، ۵: ۱۱۰، رقم: ۲۷۲۲

۹۔ شیبانی، الآحاد و المثانی، ۵: ۳۶۴، رقم: ۲۹۶۲

۱۰۔ عبد بن حمید، المسند، ۱: ۲۰۵، رقم: ۵۹۷

۱۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۱: ۳۳۶، رقم: ۱۱۹۲۸

۱۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۷، رقم: ۱۰۱۹

۱۳۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۳: ۷، رقم: ۲۰۱

۱۴۔ بیہقی، الاعتقاد: ۳۲۹

۱۵۔ ابن عبد البر، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، ۴: ۱۸۲۱، ۱۸۲۲

۱۶۔ نووی، تہذیب الاسماء و اللغات، ۲: ۶۰۸

۱۷۔ ذہبی نے ’سیر أعلام النبلاء، (۲: ۱۲۳)‘ میں اسے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوع حدیث قرار دیا ہے۔

←

نے زمین پر چار (۴) لکیریں کھینچیں، اور فرمایا: تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: اللہ اور اُس کا رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اہلِ جنت کی تمام عورتوں میں سے افضل ترین (چار) ہیں: خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمد، فرعون کی بیوی آسیہ بنت مزاحم اور مریم بنت عمران رضی اللہ عنھن اجمعین۔"

۱۲۔ عن صالح قال: قالت عائشة لفاطمة بنت رسول الله ﷺ: ألا أبشرکِ أني سمعت رسول الله ﷺ يقول: سيدات أهل الجنة أربع: مريم بنت عمران، و فاطمة بنت رسول الله ﷺ، و خديجة بنت خويلد، و آسية امرأة فرعون۔ (۱۲)

"حضرت صالح ﷺ روایت کرتے ہیں کہ اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: کیا میں تمہیں خوشخبری نہ سناؤں! (وہ یہ کہ) میں نے خود رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اہلِ جنت کی عورتوں کی سردار صرف چار خواتین ہیں: مریم بنت عمران، فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ، خدیجہ بنت خویلد اور فرعون کی بیوی آسیہ۔"

۱۸۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹:۲۲۳)' میں کہا ہے کہ اسے احمد، ابویعلی اور طبرانی نے روایت کیا ہے، اور ان کی بیان کردہ روایت کے رجال صحیح ہیں۔

۱۹۔ عسقلانی، فتح الباری، ۶: ۴۷۲

۲۰۔ عسقلانی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ۸: ۵۵

۲۱۔ حسینی، البیان والتعریف، ۱: ۱۳۳، رقم: ۳۱۶

۲۲۔ مناوی، فیض القدیر، ۲: ۵۳

۲۳۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۴: ۸۳

۲۴۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۲: ۳۹۴

(۱۲) احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۶۰، رقم: ۱۳۳۶

فصل : ۵

حرّم اللہ فاطمة سلام اللہ علیہا و ذُرّیتھا علی النار

﴿اللہ تعالیٰ نے فاطمہ اور آلِ فاطمہ پر جہنم کی آگ حرام کردی﴾

۱۳۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال: قال رسول اللہ ﷺ لفاطمة رضی اللہ عنہا: إن اللہ ﷻ غیر معذّبک و لا ولدک۔ (۱۳)

"حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں اور تمہاری اولاد کو آگ کا عذاب نہیں دے گا۔"

۱۴۔ عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما قال: قال رسول اللہ ﷺ: إنّ فاطمة حصنت فرجھا فحرّمھا اللہ و ذرِّیتَھا علی النّار۔ (۱۴)

"حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک فاطمہ نے اپنی عصمت و پاک دامنی کی ایسی حفاظت

---

(۱۳) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۱: ۲۱۰، رقم: ۱۱۶۸۵

۲۔ ہیثمی نے مجمع الزوائد (۹: ۲۰۲) میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔

۳۔ سخاوی، إستجلاب ارتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول ﷺ و ذوی الشرف: ۱۱۷

(۱۴) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۷، رقم: ۱۰۱۸

۲۔ بزار، المسند، ۵: ۲۲۳، رقم: ۱۸۲۹

۳۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۶۵، رقم: ۴۷۲۶

۴۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیاء، ۴: ۱۸۸

۵۔ سخاوی، إستجلاب ارتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول ﷺ و ذوی الشرف: ۱۱۵، ۱۱۶

کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُسے اور اُس کی اولاد کو آگ سے محفوظ فرما دیا ہے۔‘‘

۱۵۔ عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما قال: قال رسول اللہ ﷺ: إنما سمیت بنتي فاطمۃ لأن اللہ ﷻ فطمھا و فطم محبیھا عن النار۔(۱۵)

’’حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری بیٹی کا نام فاطمہ اِس لئے رکھا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُسے اور اُس سے محبت رکھنے والوں کو دوزخ سے الگ تھلگ کر دیا ہے۔‘‘

(۱۵) ۱۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۱: ۳۴۶، رقم: ۱۳۸۵

۲۔ ہندی نے ’کنز العمال (۱۲: ۱۰۹، رقم: ۳۴۲۲۷)‘ میں کہا ہے کہ اسے دیلمی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

۳۔ سخاوی نے ’إستجلاب ارتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول ﷺ و ذوي الشرف (ص: ۹۶)‘ میں کہا ہے کہ اسے دیلمی نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے۔

فصل : ٦

أمّ فاطمة سلام الله عليهما أفضل النساء

﴿سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی والدہ افضل النساء ہیں﴾

۱۶۔ عن عبد الله بن جعفر، قال: سمعتُ عليّ بن أبي طالب رضي الله عنه يَقُوْلُ: سمِعتُ رسولَ الله ﷺ يقولُ: خيرُ نِسائها خَديجةُ بِنت خُويلد، و خير نسائها مريمُ بنت عمرانَ۔ (۱۶)

''حضرت عبد اللہ بن جعفر روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرما رہے تھے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: (اپنے زمانہ کی عورتوں میں) سب سے افضل خدیجہ بنت خویلد ہیں، اور (اپنے زمانہ کی عورتوں میں) سب سے افضل مریم بنت عمران ہیں۔''

۱۷۔ عن عبد الله بن جعفر، سمعتُ علياً بالكوفة، يقول: سمعتُ رسول الله ﷺ يقول: خير نسائها مريم بنت عمران، و خير نسائها

(۱۶) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۷۰۲، رقم: ۳۸۷۷

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۱: ۱۱۶، ۱۳۲

۳۔ ابو یعلیٰ، المسند، ۱: ۴۵۵

۴۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۸۵۲، رقم: ۱۵۸۰

۵۔ ابن عبد البر، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، ۴: ۱۸۲۳

۶۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۱۳

۷۔ عسقلانی، فتح الباری، ۶: ۴۴۷

۸۔ عسقلانی، فتح الباری، ۷: ۱۰۷

۹۔ عسقلانی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ۷: ۶۰۳

خديجة بنت خويلد۔

قال أبو كُرَيبٍ: و أشار وكيع إلى السماء و الأرض۔(۱۷)

''حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کوفہ میں یہ فرماتے ہوئے سنا: مریم بنت عمران اور خدیجہ بنت خویلد زمین و آسمان میں سب عورتوں سے بہتر ہیں۔

---

(۱۷)۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۸۸۶، رقم: ۲۴۳۰

۲۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۲۶۵، ۱۳۸۸، رقم: ۳۲۴۹، ۳۶۰۴

۳۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۹۳، رقم: ۸۳۵۴

۴۔ احمد بن حنبل، المسند، ۱: ۸۴، ۱۴۳

۵۔ عبدالرزاق، المصنف، ۷: ۴۹۲، رقم: ۱۴۰۰۶

۶۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۳۹۰، رقم: ۳۲۲۸۹

۷۔ بزار، المسند، ۲: ۱۱۵، رقم: ۴۶۸

۸۔ ابویعلیٰ، المسند، ۱: ۳۹۹، رقم: ۵۲۲

۹۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ۷۴، رقم: ۲۴۹

۱۰۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۸۴۷، ۸۵۲، رقم: ۱۵۶۳، ۱۵۷۹، ۱۵۸۴

۱۱۔ شیبانی، الآحاد و المثانی، ۵: ۳۸۰، رقم: ۲۹۸۵

۱۲۔ حاکم، المستدرک، ۲: ۵۳۹، رقم: ۳۸۳۷

۱۳۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۲۰۳، ۶۵۷، رقم: ۴۸۴۷، ۶۴۱۹

۱۴۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۶: ۳۶۷

۱۵۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۳: ۸، رقم: ۴

۱۶۔ محاملی، الامالی: ۱۸۸، رقم: ۱۶۴

۱۷۔ دولابی، الذریۃ الطاہرۃ: ۳۷، رقم: ۲۸

۱۸۔ ابن عبدالبر، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، ۴: ۱۸۲۴

۱۹۔ ابن جوزی، صفۃ الصفوۃ، ۲: ۳

"(راوی) ابوکریب کہتے ہیں کہ وکیع نے (یہ حدیث بیان کرتے ہوئے) زمین و آسمان کی طرف اِشارہ کیا۔"☆

☆ وضاحت: اِن اَحادیث کا متذکرہ بالا فصل ۳ اور ۴ کی اَحادیث سے کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ ان کی فضیلت زمانی ہے، یعنی اُن کے اپنے اپنے زمانوں میں خواتینِ عالم میں سے کوئی اُن کے ہم پلہ نہ تھی۔ مگر سیدۂ کائنات سلام اللہ علیہا کی اَفضلیت عمومی اور مطلق ہے، جو سب جہانوں اور زمانوں کو محیط ہے۔

بقولِ علامہ اقبال:

مریم از یک نسبتِ عیسیٰ عزیز
از سہ نسبت حضرتِ زہراؑ عزیز

نورِ چشمِ رحمۃٌ للعالمین
آں امامِ اَوّلین و آخرین

بانوی آں تاجدارِ ھل اَتیٰ
مرتضیٰ مشکل کشا شیرِ خدا

مادرِ آن مرکزِ پرکارِ عشق
مادرِ آن کاروانِ سالارِ عشق

در نوائے زندگی سوز از حسینؑ
اَہلِ حق حرّیت آموز از حسینؑ

مزرعِ تسلیم را حاصل بتولؑ
مادراں را اُسوۂ کامل بتولؑ

فصل : ۷

قولُ الرّسول ﷺ ...... فداکِ أبی و أُمّی یا فاطمة!

﴿فرمانِ رسول ﷺ ...... فاطمہ! میرے ماں باپ تجھ پر قربان﴾

۱۸۔ عن ابن عمر رضی الله عنهما: أن النبی ﷺ کان إذا سافر کان آخر الناس عهدا به فاطمة، و إذا قدم من سفر کان أوّل الناس به عهدًا فاطمة رضی الله عنها۔ فقال لها رسول الله ﷺ: فداکِ أبی و أُمّی۔ (۱۸)

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنے اہل و عیال میں سے سب کے بعد جس سے گفتگو کر کے سفر پر روانہ ہوتے وہ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا ہوتیں، اور سفر سے واپسی پر سب سے پہلے جس کے پاس تشریف لاتے وہ بھی حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا ہی ہوتیں، اور یہ کہ حضور ﷺ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرماتے: (فاطمہ!) میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔‘‘

۱۹۔ عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه أن النبی ﷺ قال لفاطمة: فِداکِ أبی و أمی۔ (۱۹)

’’حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے (بھی) مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرماتے تھے: (فاطمہ!) میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔‘‘

---

(۱۸) ۱۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۷۰، رقم: ۴۷۳۰
۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۴۷۰، ۴۷۱، رقم: ۶۹۶
۳۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۳۱، رقم: ۲۵۴۰

(۱۹) شوکانی نے ’در السحابہ فی مناقب القرابة والصحابہ (ص: ۲۷۹)‘ میں کہا ہے کہ اسے حاکم نے ’المستدرک‘ میں روایت کیا ہے۔

فصل : ۸

فاطمة سلام الله عليها بضعة من رسول الله ﷺ

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا ...... لختِ جگرِ مصطفیٰ ﷺ﴾

۲۰۔ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي، فَمَنْ أَغْضَبَهَا أَغْضَبَنِي۔ (۲۰)

''حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: فاطمہ میری جان کا حصہ ہے، پس جس نے اُسے ناراض کیا اُس نے مجھے ناراض کیا۔''

---

(۲۰) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۳۶۱، رقم: ۳۵۱۰
۲۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۳۷۴، رقم: ۳۵۵۶
۳۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۰۳، رقم: ۲۴۴۹
۴۔ ابن ابی شیبہ نے 'المصنف (۶: ۳۸۸، رقم: ۳۲۲۶۹)' میں یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔
۵۔ ابوعوانہ، المسند، ۳: ۷۰، رقم: ۴۲۳۳
۶۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۵: ۳۶۱، رقم: ۲۹۵۴
۷۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۴، رقم: ۱۰۱۳
۸۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۷۲، رقم: ۴۷۴۷
۹۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۱۰: ۲۰۱
۱۰۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳: ۱۴۵، رقم: ۴۳۸۹
۱۱۔ ابن جوزی، صفۃ الصفوۃ، ۲: ۷
۱۲۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۸۰
۱۳۔ ابن بشکوال، غوامض الاسماء المبھمۃ، ۱: ۳۴۱

←

......

۱۴۔ عسقلانی، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ۸: ۵۶

۱۵۔ حسینی، البیان والتعریف، ۱: ۲۷۰

۱۶۔ مناوی، فیض القدیر، ۴: ۴۲۱

۱۷۔ عجلونی، کشف الخفاء و مزیل الالباس، ۲: ۱۱۲، رقم: ۱۸۳۱

مندرجہ بالا حوالہ جات کے علاوہ آئمہ و محدثین نے درج ذیل مقامات پر بھی حضور نبی اکرم ﷺ کا فرمان مبارک نقل کیا ہے، جس میں آپ ﷺ نے سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو بَضْعَةٌ مِنِّی فرما کر اپنی جان کا حصہ قرار دیا ہے:

۱۸۔ بخاری، الصحیح، ۳: ۱۳۶۴، رقم: ۳۵۲۳

۱۹۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۰۰۴، رقم: ۴۹۳۲

۲۰۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۶۹۸، رقم: ۳۸۶۷

۲۱۔ ابوداؤد، السنن، ۲: ۲۲۶، رقم: ۲۰۷۱

۲۲۔ ابن ماجہ، السنن، ۱: ۶۴۳، ۶۴۴، رقم: ۱۹۹۸، ۱۹۹۹

۲۳۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۱۴۸، رقم: ۸۳۷۰۔۸۳۷۲

۲۴۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ۷۸، رقم: ۲۶۵

۲۵۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۵، ۳۲۳، ۳۲۶، ۳۲۸

۲۶۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۵۵، ۷۵۶، ۷۵۸، ۷۵۹، رقم: ۱۳۲۴، ۱۳۲۷، ۱۳۳۳، ۱۳۳۵

۲۷۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۵: ۴۰۵، ۴۰۶، ۴۰۸، ۵۳۵، رقم: ۶۹۵۵، ۶۹۵۷، ۷۰۶۰

۲۸۔ عبدالرزاق، المصنف، ۷: ۳۰۱، ۳۰۲، رقم: ۱۳۲۶۸، ۱۳۲۶۹

۲۹۔ ابوعوانہ، المسند، ۳: ۷۱، رقم: ۴۲۳۱، ۴۲۳۴

۳۰۔ بزار، المسند، ۲: ۱۶۰، رقم: ۵۲۶

۳۱۔ بزار، المسند، ۶: ۱۵۰، رقم: ۲۱۹۳

۳۲۔ ابویعلی، المسند، ۱۳: ۱۳۴، رقم: ۷۱۸۱

۳۳۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۵: ۳۶۱، ۳۶۲، رقم: ۲۹۵۴، ۲۹۵۷

۳۴۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۸، ۱۹، رقم: ۱۸، ۲۱

←

....

.... ۳۵۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۵، رقم: ۱۰۱۰

۳۶۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۳: ۱۸۲، ۱۸۳

۳۷۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۷۳، رقم: ۴۷۵۱

۳۸۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۳۰۷، ۳۰۸

۳۹۔ بیہقی السنن الکبریٰ، ۱۰: ۲۸۸

۴۰۔ مقدسی، الاحادیث المختارہ، ۹: ۳۱۵، رقم: ۲۷۴

۴۱۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۱: ۲۳۲، رقم: ۸۸۷

۴۲۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳: ۱۳۵، رقم: ۴۳۸۹

۴۳۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴: ۲۵۵

۴۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۹: ۲۰۳

۴۵۔ ہیثمی، زوائد الحارث، ۲: ۹۱۰، رقم: ۹۹۱

۴۶۔ دولابی، الذریۃ الطاہرہ: ۴۷، ۴۸، رقم: ۵۵، ۵۶

۴۷۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۸: ۲۶۲

۴۸۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۲: ۴۰، ۴۱، ۱۷۵

۴۹۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء، وطبقات الاصفیاء، ۳: ۲۰۶

۵۰۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء، وطبقات الاصفیاء، ۷: ۳۲۵

۵۱۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۲۵۷

۵۲۔ ابن قانع، معجم الصحابہ، ۳: ۱۱۰، رقم: ۱۰۷۶

۵۳۔ نووی، شرح صحیح مسلم، ۲: ۱۶

۵۴۔ قیسرانی، تذکرۃ الحفاظ، ۲: ۴۳۵

۵۵۔ قیسرانی، تذکرۃ الحفاظ، ۳: ۱۲۶۵

۵۶۔ مناوی، فیض القدیر، ۳: ۱۵

۵۷۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۱۹، ۱۳۳

۵۸۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۳: ۳۹۳

۵۹۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۵: ۹۰

←

۲۱۔ عن محمد بن عليّ قال: قال رسول الله ﷺ: إنما فاطمة بضعة مني، فمن أغضبها أغضبني۔(۲۱)

''محمد بن علی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک! فاطمہ میری جان کا حصہ ہے، پس جس نے اُسے ناراض کیا اُس نے مجھے ناراض کیا۔''

۲۲۔ عن علي رضی اللہ عنہ أنه كان عند رسول الله ﷺ، فقال: أيّ شئ خير للمرأة؟ فسكتوا، فلما رجعتُ قلت لفاطمة: أيّ شئ خير للنساء؟ قالت: ألا يراهن الرجال۔ فذكرتُ ذلک للنبي ﷺ، فقال: إنما فاطمة بَضعة مني۔(۲۲)

''سیدنا علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ وہ بارگاہِ نبوی میں حاضر تھے، آپ ﷺ نے دریافت فرمایا: عورت کے لئے کونسی شے بہتر ہے؟ اس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خاموش رہے۔ جب میں گھر لوٹا تو میں نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے پوچھا: بتاؤ

۲۰۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۱۹: ۴۸۸
۲۱۔ ذہبی، معجم المحدثین: ۹
۲۲۔ مزی، تہذیب الکمال، ۲۲: ۵۹۹
۲۳۔ مزی، تہذیب الکمال، ۳۵: ۲۵۰
۲۴۔ دار قطنی، سؤالات حمزہ: ۸۰، رقم: ۳۰۹
۲۵۔ ابن جوزی، تذکرۃ الخواص: ۲۷۹
۲۶۔ سخاوی، إستجلاب ارتقاء الغرف بحب أقرباء الرسول ﷺ و ذوی الشرف: ۹۷

(۲۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۳۸۸، رقم: ۳۲۲۶۹
۲۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۷۵۵، ۷۵۶، رقم: ۱۳۲۶
۳۔ محب طبری، ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربی: ۸۰، ۸۱

(۲۲) ۱۔ بزار، المسند، ۲: ۱۶۰، رقم: ۵۲۶
۲۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴: ۲۵۵

←

عورت کیلئے کونسی شے بہتر ہے؟ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے جواب دیا: عورت کے لئے سب سے بہتر یہ ہے کہ اُسے غیر مرد نہ دیکھے۔ میں نے اِس چیز کا تذکرہ حضور نبی اکرم ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک! فاطمہ میری جان کا حصہ ہے۔“

۳۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۹: ۲۰۲

۴۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۲: ۴۰، ۴۱، ۱۷۵

۵۔ دار قطنی، سؤالات حمزہ: ۲۸۰، رقم: ۴۰۹

فصل : ۹

كان النبي ﷺ يقوم لفاطمة سلام الله عليها و يرحب بها و يقبل يدها و يجلسها في مكانه عند قدومها إليه حباً لها

﴿حضور ﷺ آمدِ فاطمہ سلام اللہ علیہا پر محبتاً کھڑے ہو جاتے، ہاتھ چومتے اور اپنی نشست پر بٹھا لیتے﴾

۲۳۔ عن عائشة أم المؤمنين رضی الله عنها قالت: كان رسول الله ﷺ إذا رآها قد أقبلت رحب بها، ثم قام إليها فقبّلها، ثم أخذ بيدها فجاء بها حتى يجلسها في مكانه۔ و كانت إذا رأت النبي ﷺ رحبت به، ثم قامت إليه فقبلته ﷺ۔ (۲۳)

''اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو آتے ہوئے دیکھتے تو خوش آمدید کہتے، پھر ان کی خاطر کھڑے ہو جاتے، انہیں بوسہ دیتے، اُن کا ہاتھ پکڑ کر لاتے اور انہیں اپنی نشست پر بٹھا لیتے۔ اور جب سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کو اپنی طرف

---

(۲۳) ۱۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۵: ۳۹۱، ۳۹۲، رقم: ۹۲۳۶، ۹۲۳۷

۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۵: ۴۰۳، رقم: ۶۹۵۳

۳۔ شیبانی، الآحاد و المثانی، ۵: ۳۶۷، رقم: ۲۹۶۷

۴۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۴: ۲۴۲، رقم: ۴۰۸۹

۵۔ حاکم، المستدرک، ۴: ۳۰۳، رقم: ۷۷۱۵

۶۔ بخاری، الادب المفرد: ۳۲۶، رقم: ۹۴۷

۷۔ دولابی، الذریۃ الطاہرۃ: ۱۰۰، رقم: ۱۸۴

تشریف لاتے ہوئے دیکھتیں تو خوش آمدید کہتیں، پھر کھڑی ہو جاتیں اور آپ ﷺ کو بوسہ دیتیں۔‘‘

۴۴۔ عن أم المؤمنين عائشة رضی الله عنها أنها قالت: كانت [فاطمة] إذا دخلت عليه ﷺ رحب بها و قام إليها فأخذ بيدها فقبلها و أجلسها في مجلسه۔ (۴۴)

’’اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتیں تو حضور ﷺ سیدہ سلام اللہ علیہا کو خوش آمدید کہتے، کھڑے ہو کر اُن کا استقبال کرتے، اُن کا ہاتھ پکڑ کر اُسے بوسہ دیتے اور اُنہیں اپنی نشست پر بٹھا لیتے۔‘‘

۴۵۔ عن عائشة أم المؤمنين رضی الله عنها قالت: كانت فاطمة إذا دخلت عليه ﷺ قام إليها فقبلها و رحب بها و أخذ بيدها، فأجلسها في مجلسه، و كانت هي إذا دخل عليها رسول الله ﷺ قامت إليه مستقبلة و قبلت يده۔ (۴۵)

(۴۴) ۱۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۶۷، رقم: ۴۷۳۲

۲۔ نسائی، فضائل الصحابہ: ۷۸، رقم: ۲۶۴

۳۔ ابن راہویہ، المسند، ۱: ۸، رقم: ۶

۴۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۷: ۱۰۱

۵۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۶۷، رقم: ۸۹۲۷

۶۔ مقری، تقبیل الید: ۹۱

۷۔ عسقلانی نے ’فتح الباری (۱۱: ۵۰)‘ میں کہا ہے کہ یہ حدیث ابو داؤد اور ترمذی نے بیان کی ہے اور اسے حسن کہا ہے، جبکہ ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح کہا ہے۔

(۴۵) ۱۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۷۴، رقم: ۴۷۵۳

’’اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا جب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو حضور ﷺ کھڑے ہو کر اُن کا اِستقبال فرماتے، اُنہیں بوسہ دیتے، خوش آمدید کہتے اور اُن کا ہاتھ پکڑ کر اپنی نشست پر بٹھا لیتے۔ اور جب آپ ﷺ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے ہاں رونق اَفروز ہوتے تو سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا بھی آپ ﷺ کے اِستقبال کے لئے کھڑی ہو جاتیں اور آپ ﷺ کے دستِ اَقدس کو بوسہ دیتیں۔‘‘

.... ۲۔ محب طبری، ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربی: ۸۵

۳۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۵۴۹، رقم: ۲۲۲۳

۴۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۵۰

۵۔ شوکانی، درّ السحابہ فی مناقب القرابۃ والصحابۃ: ۲۷۹

حاکم نے اس روایت کو شرطِ شیخین پر صحیح قرار دیا ہے۔

فصل : ۱۰

بسط النبی ﷺ شملته لفاطمة الزهراء سلام الله علیها

﴿حضور ﷺ سیدہ سلام اللہ علیہا کی نشست کے لئے اپنی کملی مبارک بچھا دیتے﴾

۲۶۔ عن عليّ رضي الله عنه أنه دخل على النبيّ ﷺ و قد بَسَطَ شملةً، فجلس عليها هو و فاطمة و عليّ و الحسن و الحسين، ثم أخذ النبيّ ﷺ بمَجَامِعِه فعقد عليهم، ثم قال: اللّٰهم ارضَ عنهم كما أنا عنهم راضٍ۔ (۲۶)

''حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے، درآں حالیکہ آپ ﷺ نے چادر بچھائی ہوئی تھی۔ پس اُس پر حضور ﷺ، حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم بیٹھ گئے پھر آپ ﷺ نے اُس چادر کے کنارے پکڑے اور اُن پر ڈال کر اُس میں گرہ لگا دی۔ پھر فرمایا: اے اللہ! تو بھی اِن سے راضی ہو جا، جس طرح میں اِن سے راضی ہوں۔''

---

(۲۶) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۵: ۳۴۸، رقم: ۵۵۱۴

۲۔ ہیثمی نے مجمع الزوائد (۹: ۱۶۹) میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح ہیں، سوائے عبید بن طفیل کے اور وہ ثقہ ہے، اُس کی کنیت ابوسیدان ہے۔

فصل : ۱۱

بداية سفر النبي ﷺ من بيت فاطمة سلام الله عليها و انتهائه إليها

﴿سفرِ مصطفیٰ ﷺ کی اِبتداء اور اِنتہاء بیتِ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے ہوتی﴾

۲۷۔ عن ثوبان مولی رسول الله ﷺ، قال: كان رسول الله ﷺ إذا سافر كان آخر عهده بإنسان من أهله فاطمة، و أول من يدخل عليها إذا قدم فاطمة۔ (۲۷)

''حضور نبی اکرم ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ جب سفر کا اِرادہ فرماتے تو اپنے اہل و عیال میں سے سب کے بعد جس سے گفتگو فرما کر سفر پر روانہ ہوتے وہ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا ہوتیں، اور سفر سے واپسی پر سب سے پہلے جس کے پاس تشریف لاتے وہ بھی حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا ہوتیں۔''

۲۸۔ عن ابن عمر رضی اللہ عنہما: أن النبي ﷺ كان إذا سافر كان آخر الناس عهدا به فاطمة، و إذا قدم من سفر كان أوّل الناس به عهدًا

---

(۲۷) ۱۔ ابو داؤد، السنن، ۴: ۸۷، رقم: ۴۲۱۳

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۵: ۲۷۵

۳۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۱: ۲۶

۴۔ زید بغدادی، ترکۃ النبی ﷺ: ۵۷

فاطمة رضی الله عنها۔ فقال لها رسول الله ﷺ: فداکِ أبی و أمّی۔ (۲۸)

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب سفر کا اِرادہ فرماتے تو اپنے اہل وعیال میں سے سب کے بعد جس سے گفتگو فرما کر سفر پر روانہ ہوتے وہ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا ہوتیں، اور سفر سے واپسی پر سب سے پہلے جس کے پاس تشریف لاتے وہ بھی حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا ہی ہوتیں، اور یہ کہ حضور ﷺ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرماتے: (فاطمہ!) میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔''

۴۹۔ عن ابن عباس قال: کان رسول الله ﷺ إذا قدم من سفر قبّل ابنته فاطمة۔ (۴۹)

---

(۴۸) ۱۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۶۹، ۱۷۰، رقم: ۴۷۳۹، ۴۷۴۰

۲۔ حاکم، المستدرک، ۱: ۲۶۴، رقم: ۱۷۹۸

۳۔ حاکم نے 'المستدرک (۳: ۱۶۹، رقم: ۴۷۳۷)' میں اِسے حضرت ابو ثعلبہ خشنی سے بھی ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے۔

۴۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۴۷۰، ۴۷۱، رقم: ۶۹۶

۵۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۱: ۶۳۱، رقم: ۲۵۴۰

۶۔ ابن عساکر نے بھی 'تاریخ دمشق الکبیر (۴۳: ۱۴۱)' میں حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث بیان کی ہے۔

(۴۹) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۴: ۲۴۸، رقم: ۴۱۰۵

۲۔ ابو یعلی، المسند، ۴: ۳۵۲، رقم: ۲۴۶۶

۳۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۸: ۴۲)' میں کہا ہے کہ طبرانی نے اسے 'الاوسط' میں روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔

۴۔ ابن اثیر، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ۷: ۲۱۹

۵۔ سیوطی، الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر ﷺ: ۱۸۹، رقم: ۳۰۳

۶۔ مناوی، فیض القدیر، ۵: ۱۵۵

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو اپنی صاحبزادی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بوسہ دیتے۔''

فصل : ۱۲

فاطمة سلام اللہ علیہا أحب الناس إلی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

﴿سیدہ سلام اللہ علیہا ...... رُوئے زمین پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا مرکزِ خاص﴾

۳۰۔ عن جُمَیع بن عُمیر التیميّ، قال: دخلتُ مع عمّتي علی عائشة، فسُئِلتُ أيُّ الناس کان أحب إلي رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم؟ قالت: فاطمة، فقیل: من الرجال؟ قالت: زوجها، إن کان ما علمتُ صوّاما قوّاما۔ (۳۰)

''حضرت جمیع بن عمیر تیمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی کے ہمراہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کون زیادہ محبوب تھا؟ اُمُّ المؤمنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا: فاطمہ سلام اللہ علیہا۔ عرض کیا گیا: مردوں میں سے (کون زیادہ محبوب تھا)؟ فرمایا: اُن کے شوہر، جہاں تک میں

---

(۳۰) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۷۰۱، رقم: ۳۸۷۴

۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۳، ۴۰۴، رقم: ۱۰۰۸، ۱۰۰۹

۳۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۷۱، رقم: ۴۷۴۴

۸۔ محب طبری، ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربی: ۷۷

۴۔ ابن اثیر، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ۷: ۲۱۹

۵۔ ذہبی، سیر أعلام النبلاء، ۲: ۱۲۵

۶۔ مزی، تہذیب الکمال، ۴: ۵۱۲

۷۔ شوکانی، در السحابہ فی مناقب القرابۃ والصحابہ: ۲۷۳

جانتی ہوں وہ بہت زیادہ روزہ رکھنے والے اور راتوں کو عبادت کے لئے بہت قیام کرنے والے تھے۔‘‘

۳۱۔ عن ابن بريدة، عن أبيه، قال: كان أحبُّ النساء إلى رسول الله ﷺ فاطمة و من الرجال عليّ۔ (۳۱)

’’حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو عورتوں میں سب سے زیادہ محبت حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا سے تھی اور مردوں میں سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ محبوب تھے۔‘‘

۳۲۔ عن أبي سلمة بن عبدالرحمن، قال: أخبرني أسامة بن زيد، قال: كنت جالساً إذ جاء عليٌّ و العباس رضی اللہ عنہما يستأذنان، فقالا: يا أسامة! استأذن لنا على رسول الله ﷺ، فقلت: يا رسول الله! عليٌّ و العباس يستأذنان، فقال: أتدري، ما جاء بهما؟ قلت: لا، فقال النبي ﷺ: لكني أدري، ائذن لهما، فدخلا، فقالا: يا رسول الله! جئناک نسألک أيُّ أهلکَ أحب إليکَ؟ قال: فاطمة بنت

(۳۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۶۹۸، رقم: ۳۸۶۸

۲۔ نسائی نے ’السنن الکبریٰ (۵: ۱۴۰، رقم: ۸۴۹۸)‘ میں ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔

۳۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۷: ۱۹۹، رقم: ۷۲۶۲

۴۔ حاکم، المستدرک، ۳: ۱۶۸، رقم: ۴۷۳۵

۵۔ ذہبی، سیر اعلام النبلاء، ۲: ۱۳۱

۶۔ شوکانی، درالسحابہ فی مناقب القرابۃ والصحابۃ: ۲۷۴

محمد۔ (۳۲)

''حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا: میں بیٹھا ہوا تھا کہ حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما تشریف لائے، انہوں نے کہا: اُسامہ! ہمارے لئے حضور نبی اکرم ﷺ سے اندر آنے کی اجازت مانگو۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما (حاضری کی) اجازت مانگتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جانتے ہو وہ کیوں آئے ہیں؟ میں نے عرض کیا: نہیں۔ فرمایا: میں جانتا ہوں، انہیں آنے دو۔ چنانچہ دونوں حضرات اندر داخل ہوئے اور اُنہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! ہم یہ بات جاننے کے لئے حاضر ہوئے ہیں کہ اہلِ بیت میں سے آپ کو کون زیادہ محبوب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ بنت محمد۔''

۳۳۔ عن أبی هريرة رضی اللہ عنہ، قال: قال علیٌّ بن أبی طالب رضی اللہ عنہ: يا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! أيما أحبُّ إليکَ: أنا أم فاطمة؟ قال: فاطمةُ أحبُّ

---

(۳۲) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۶۷۸، رقم: ۳۸۱۹

۲۔ بزار، المسند، ۷: ۷۱، رقم: ۲۶۲۰

۳۔ طیالسی، المسند: ۸۸، رقم: ۶۳۳

۴۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۲: ۴۰۳، رقم: ۱۰۰۷

۵۔ حاکم، المستدرک، ۲: ۴۵۲، رقم: ۳۵۲۶

۶۔ مقدسی، الاحادیث المختارہ، ۴: ۱۲۰۔۱۲۲، رقم: ۱۳۷۹، ۱۳۸۰

۷۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۸۹، ۴۹۰

۸۔ محب طبری، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ: ۷۸

یہ حدیث حسن ہے۔

إليّ منک، و أنتَ أعزُّ عليَّ منها۔ (۳۳)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے (بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ کو میرے اور فاطمہ میں سے کون زیادہ محبوب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فاطمہ مجھے تم سے زیادہ پیاری ہے، اور تم مجھے اُس سے زیادہ عزیز ہو۔''

۳۴۔ عن ابن أبي نجيح عن أبيه، قال: أخبرني من سمع عليًّا على منبر الكوفة يقول: دخل علينا رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم فجلس عند رؤوسنا فدعا بإناء فيه ماء فأتي به فدعا فيه بالبركة ثم رشه علينا، فقلت: يا رسول الله! أنا أحب إليک أم هي؟ قال: هي أحب إليّ منک و أنت أعز عليّ منها۔ (۳۴)

---

(۳۳) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۷: ۳۴۳، رقم: ۷۶۷۵

۲۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹: ۱۷۳)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے 'الاوسط' میں روایت کیا ہے اور اس کی سند میں سلمی بن عقبہ کو میں نہیں جانتا جبکہ بقیہ رجال ثقہ ہیں۔

۳۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۹: ۲۰۲)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے 'الاوسط' میں روایت کیا ہے۔

۴۔ حسینی نے 'البیان والتعریف (۲: ۱۱۸، رقم: ۱۲۳۸)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے 'الاوسط' میں روایت کیا ہے اور ہیثمی نے کہا ہے کہ اس کے رجال صحیح ہیں۔

۵۔ مناوی نے 'فیض القدیر (۴: ۴۲۲)' میں کہا ہے کہ ہیثمی نے اس کے رجال کو صحیح قرار دیا ہے۔

(۳۴) ۱۔ احمد بن حنبل، فضائل الصحابہ، ۲: ۶۳۱، ۶۳۲، رقم: ۱۰۷۶

۲۔ نسائی نے 'السنن الکبریٰ (۵: ۱۵۰، رقم: ۸۵۳۱)' میں یہ حدیث مبارکہ مختصراً بیان ←

''ابن اَبی نجیح نے اپنے والد سے روایت کی کہ مجھے اُس شخص نے بتایا جس نے منبرِ کوفہ پر حضرت علی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر تشریف لائے اور ہمارے سرہانے بیٹھ کر پانی کا برتن منگوایا۔ آپ ﷺ نے اس میں برکت کی دعا فرمائی اور ہم پر اس کے چھینٹے مارے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ کو مجھ سے زیادہ محبت ہے یا فاطمہ سے؟ فرمایا: مجھے یہ تم سے زیادہ پیاری ہے اور تم مجھے اِس سے زیادہ عزیز ہو۔''

کی ہے۔

۳۔ حمیدی، المسند، ۱: ۲۲، رقم: ۳۸

۴۔ شیبانی نے 'الآحاد و المثانی (۵: ۳۶۰، رقم: ۲۹۵۱)' میں اسے مختصراً روایت کیا ہے۔

